# عملیات مشکل کشا

حضرت مولانا شاہ رحم الٰہی صاحب

امین برادرس
آرام باغ روڈ کراچی

# وظائف مشکل کشا

حضرت مولانا شاہ رحم الٰہی صاحب عالی

چشتی نقشبندی قادری

امین برادرس آرام باغ روڈ کراچی نمبر ۱

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

اے عزیز دوست دعا اور دوا میں بلکہ ہر شے میں اللہ تعالیٰ نے ایک خاصیت اور صفت رکھی ہے۔ صفت اسماء حق و صفت اشیاء حق اور اس کے کچھ طریقے ہیں۔ اگر اس کو طریقہ و ترکیب سے استعمال کیا جائے تو اس کے اثرات اچھے ہوتے ہیں۔ اور بے طریقہ و بے اصول عمل کیا جاوے۔ اس میں بجائے فائدے کے نقصان ہوتا ہے۔ بعض لوگ بے طریقہ عمل کرتے ہیں اسی طرح بغیر زکوٰۃ کے یا بے ترتیبی سے تعویذ لکھتے ہیں۔ جب اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا تو عمل کو بدنام کرتے ہیں۔ غرض ہر چیز کے طریقے ہیں۔ یہاں تک کہ روٹی، چپاتی، سالن، قورمہ، فیرنی، کھیر، زردہ، بریانی وغیرہ وغیرہ ہر ایک کا بنانے کا قاعدہ ہے۔ جو قاعدے سے بنائے گا تو ٹھیک چیز بنے گی۔ اور لذت بھی آئیگی اگر بے ترکیبی سے کریگا نہ بارونق چیز بنے گی اور نہ لذت آئے گی۔

غرض جس کام کے کرنے کا ارادہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ دل سے بھی آمادہ ہو اور پہلے علم و عمل کے کچھ قاعدے سیکھے۔ پھر اس کو شروع کرے لہذا فقیر نے چند قاعدے جو کہ عاملین فن سے اور پیران طریقت سے سیکھے ہیں۔ مختصر اس میں تحریر کرتا ہے۔ اگر عامل ان قاعدوں کا لحاظ رکھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ بجائے فائدے کے کبھی نقصان نہ ہوگا۔

فقیر حقیر رحم الٰہی کان اللہ لہ

# عملیات کے ضوابط

ضابطہ نمبر ۱:۔ اکلِ حلال ہو اور صدقِ مقال ہو شیطانی خیالات دل سے ترک کرے اور عمل کے وقت اپنے مطلب کو ضرور دھیان میں رکھے اور دل کی طرف متوجہ رہے اگر عمل کا خیال نہیں تو عمل سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ بقول حضرت مولانا کے ؎

برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر ۔ ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

ضابطہ نمبر ۲:۔ عمل اور وظیفہ جتنے دن کے واسطے جس مطلب کے لئے کرے تو اس کو چاہیئے کہ ترک حیوانات کرے جیسے گوشت مچھلی انڈا خواہ کسی جانور کا ہو اور بہتر یہ ہے کہ ہینگ اور لہسن اور پیاز خام وغیرہ کو بھی نہ کھائے ان چیزوں کے ترک سے امید قوی ہے کہ اپنے عمل میں کامیابی حاصل ہوگی اور حیوانات کا گوشت استعمال کرنے سے بعض عملیات میں تاخیر اور نقصان کا اندیشہ ہوگا۔

ضابطہ نمبر ۳:۔ جواہر خمسہ وغیرہ میں لکھا ہے کہ عملیات کے پڑھنے کیلئے تقرر وقت ضروری ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو پہلے روز جلالی یا جمالی جس وقت شروع کرے تا اختتام وقت وغیرہ کی پابندی رکھے۔ اختلاف پابندی سے نقصان کا خطرہ ہے۔

ضابطہ نمبر ۴:۔ تعین مکان بھی اس میں بہت ضروری ہے مکان کا بلا عذر بدلنا ہرگز جائز نہیں۔ ایک ہی مصلے پر اول تا آخر پڑھتا رہے جگہ نہ بدلے۔

ضابطہ نمبر ۵:۔ جو عمل شروع کرے قمری مہینے کی چودہ تاریخ سے پہلے شروع کرلے

ضابطہ نمبر ۶:۔ جب عمل پڑھنے کو بیٹھے تو سب سے پہلے الحمد و آیۃ الکرسی اور چاروں قل تین تین بار یا سات سات بار پڑھکر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے اپنے گرد حصار کھینچ لے۔

ضابطہ نمبر ۷ :۔ جو دعا یا جو نام پڑھا جاتا ہے اس کا پہلا حرف اور پڑھنے والے کے نام کا پہلا حرف جلالی یا جمالی ہوں تو اس کا اثر جلد ہوتا ہے۔ جمالی اور جلالی ہر اسم کے ساتھ لکھ دیا ہے۔ صفحہ ۹۷

ضابطہ نمبر ۸ :۔ جب کوئی کسی عمل کی زکوٰۃ دے چکے تو اس کو چاہیئے کہ ہر روز سات بار یا بارہ بار یا اس سے زیادہ اس کو بلا ناغہ پڑھ لیا کرے اور طریقہ زکوٰۃ آگے آئے گا۔

ضابطہ نمبر ۹ اعمال میں اجازت صاحب عمل کی ضروری ہے ورنہ اس کے کرنے میں نقصان اور فتور ضروری ہے لہذا فقیر عفا اللہ عنہ نے اعمال مندرجہ رسالہ ہذا کی اجازت عام دی ہے

ضابطہ نمبر ۱۰ ہر مہینہ کے تین تین عشرہ مقرر کیئے ہیں۔ پہلا عشرہ کشادگی رزق و فتوحات کے لئے۔ دوسرا عشرہ محبت اور تسخیر کے لئے۔ تیسرا عشرہ عداوت کے لئے۔ اور ہر عامل کو ان دونوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ وسعت رزق و تسخیر و شفاء مریض کے لئے پیر کا دن۔ دولت کی ترقی کے لئے جمعرات اور جمعہ کا دن بلاکئی دشمن کے لئے ہفتہ اور اتوار اور منگل کا دن، زبان بندی وغیرہ کے لئے اتوار اور بدھ کا دن ہے۔

ضابطہ نمبر ۱۱ تعویذ چار قسم کے ہوتے ہیں۔ آتشی، آبی، بادی، خاکی۔ پہلی قسم کے تعویذ آتشی اس کو کہتے ہیں جو آگ میں ڈالے جاتے ہیں یا جو چولہے کے نزدیک دفن کر دیے جاتے ہیں۔ یہ فتوحات خواب بندی یا زبان بندی کے لئے ہوتے ہیں۔

دوسری قسم بادی تعویذ جو کہ درخت یا کسی بلند جگہ پر لٹکائے جاتے ہیں تاکہ ہوا سے ہلیں یہ محبت کے لئے ہوتے ہیں۔ تیسری قسم تعویذ آبی جو دریا یا حوض یا کنوئیں میں ڈال دیے جاتے ہیں۔ یہ خلاصی قید و تسخیر وغیرہ کے لئے ہوتے ہیں۔ چوتھی قسم تعویذ خاکی جو چوکھٹ کے نیچے، چوراہا یا راستہ یا گورستان یا پہاڑی وغیرہ میں دفن کئے جاتے ہیں یہ تعویذ ہلاکی دشمن وغیرہ کے لئے ہوتے ہیں

آتشی تعویذ لکھتے وقت ان شرطوں کا خیال رکھیں کہ منہ مشرق کی طرف ہو۔ تنور یا آگ کے قریب لکھیں اگر تعویذ بادی لکھیں تو اونچی جگہ بیٹھ کر لکھیں جہاں ہوا کا گذر ہو اور منہ مغرب کی جانب ہو۔ اگر تعویذ آبی لکھیں تو دریا یا حوض یا پانی کے قریب بیٹھ کر لکھیں اگر قریب میں ایسی جگہ نہ ہو تو کسی برتن میں پانی بھر کر پاس رکھ لے اور منہ جانب شمال کے ہو اور اگر تعویذ خاکی لکھیں تو مکان خالی ہو منہ جنوب کی طرف ہو اور خوشبو مثل عود کے جلتی ہوئی موجود ہو۔

ہر عمل کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ جس اسم یا دعا و آیت کا عمل کرنا ہو اس کے اعداد ابجد کے حساب سے نکالے جاتے ہیں جتنے عدد اس کے ہوں گے ان عددوں کے برابر ایک وقت ایک جگہ چالیس روز تک وقت مقررہ پر پڑھا جائے گا اور تعویذ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ جتنے عدد کا نقش ہو اتنی تعداد چالیس روز تک لکھ کر ہر تعویذ کو آٹے کی گولی میں لپیٹ کر دریا میں ڈالے۔ ایک چلّہ پورا کرنے کے بعد اس نقش کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ پھر اس میں فورًا اثر ہوتا ہے اور اس رسالہ میں ہم نے ہر اسم کے عدد لکھ دیئے ہیں ان عددوں کی تعداد کے موافق پڑھا جائے گا اور اگر کسی تعویذ کا عامل بننا ہو تو اس نقش کے اسم عددوں کے موافق اس کو لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اور پھر اللہ تعالیٰ کے اسموں کی برکت کا مشاہدہ دیکھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ننانوے ۹۹ نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کرے جنت میں داخل ہوگا۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی تِسْعَۃٌ وَّتِسْعُوْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصٰھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ (مشکوٰۃ شریف)

اور دوسری حدیث میں فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کے بعد جو دعا مانگی جاتی ہے وہ قبول کی جاتی ہے اور ایک حدیث میں فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تقدیر کو کوئی چیز نہیں بدلتی مگر دعا اور عمر کو نہیں زیادہ کرتی کوئی چیز مگر نیکی۔ (مشکوٰۃ شریف)

لَا یَرُدُّ الْقَضَآءَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا یَزِیْدُ الْعُمْرَ اِلَّا الْبِرُّ۔ (رواہ ترمذی)

**دعا مانگنے کا طریقہ:۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا مانگتے وقت پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے مجھ پر درود بھیجے اور اپنے گناہوں کا اقرار کرے اور معافی چاہے اور رغبت و عاجزی کے ساتھ اور مقبولیت کی امید رکھتے ہوئے دعا کرے تو دعا قبول ہو جاتی ہے بشرطیکہ نہ گناہ ہو اور نہ رشتے ناتے ٹوٹتے ہوں۔

دعا کی قبولیت کا ظہور تین طرح سے ہوتا ہے اول جس چیز کی دعا کی جائے اس کا ظہور فوراً ہو جائے دوسرے اس کی برکت سے کوئی بلا نازل ہونے والی رد کر دی جائے تیسرے اس کا اجر قیامت کو دیا جائے۔ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں جس دعا کا ظہور نہیں ہوا تھا اس کا بدلہ قیامت کے روز دیا جائیگا تو وہ شخص اپنے دعا کے اجر کو دیکھ کر کہے گا اے پروردگار عالم مجھے معلوم نہیں تھا کہ میری دعا کا اتنا اجر ملے گا۔ اس وقت آرزو کرے گا کاش دنیا میں میری ایک بھی دعا قبول نہ ہوتی۔ پروردگار عالم نے فرمایا۔ عَسٰی اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّھُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو برا جانو اور دراصل وہ تمہارے لئے بہتر ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو اچھا سمجھو حالانکہ وہ تمہارے لئے بری ہو۔ حقیقی علم اللہ کو ہے تم محض بے خبر ہو۔ اس میں پروردگار عالم نے بتایا کہ ایک چیز کی تم دعا کرتے ہو تم کو اس کا علم نہیں کہ اس میں تمہارے لئے کیا کیا نقصان ہے حالانکہ تم اس کو اپنے لئے بہتر سمجھ کر مانگتے ہو مگر وہ تمہارے لئے نقصان دہ ہے اس لئے ہم نے اس دعا کی قبولیت کا ظہور فوراً نہیں کیا تاکہ تم کو نقصان نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں اگر تمام دنیا کے لوگوں کو منہ مانگی چیزیں عنایت فرما دیں تو اس کے خزانے میں ذرہ برابر بھی کمی نہ آوے کیونکہ پروردگار عالم کو کچھ لینا دینا نہیں پڑتا ان کو صرف کُن کہنا ہوتا ہے یعنی ہو جا (فیکون) پس وہ ہو جاتا ہے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اپنے رب سے مانگو تمہیں جس چیز کی ضرورت ہو خواہ چھوٹی ہو یا بڑی ہو وہ ہر چیز عنایت فرماتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے دعا نہیں مانگتے

اللہ تعالیٰ ان پر غصہ فرماتے ہیں۔

ایک جگہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تک کوئی شخص دعا میں جلدی نہ کرے اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ جلدی کرنا یہ ہے کہنے لگے میں نے تو ہر چند دعا مانگی لیکن خدا نے قبول نہیں کی۔ بعض پیغمبروں کی دعائیں قبول ہونے کے باوجود اس کا ظہور عرصہ کے بعد ہوا مثلاً حضرت نوح علیہ السلام نے جب اپنی قوم کے لئے بددعا کی تو بعض جگہ لکھا ہے کہ چالیس سال بعد طوفان آیا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے بھی زیادہ عرصہ کے بعد آیا تھا اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام نے فرعون کے لئے بددعا کی تو وہ قبول ہوئی جس کو اللہ تعالیٰ نے قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا کہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی تم استقلال رکھو مگر ظہور اس کا چالیس برس بعد ہوا۔ فرعون چالیس سال بعد غرق ہوا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی ربنا وابعث فیھم رسولا منھم ۔ یہ دعا قبول ہوگئی تھی لیکن اس کا ظہور کئی سو برس بعد ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں۔

غرض انسان کو چاہیئے کہ دعا مانگ کر قبولیت کی جلدی نہ کرے اگر اصول کے موافق ہوگی۔ حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِیٌّ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِیْ مِنْ عِبَادِهٖ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَّرُدَّهُمَا صِفْرًا تمہارا رب حیا والا بخشش کرنے والا ہے بندہ جب اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو خالی ہاتھ لوٹاتے ہوئے شرم آتی ہے اللہ تعالیٰ رحیم ہے کہ بندہ کو خالی ہاتھ واپس کرتے ہوئے شرم آتی ہے تو ہم کو پوری امید کے ساتھ دعا کرنی چاہیئے کہ ضرور قبول ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ

ایک حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص ہے دور دراز کا سفر کرکے آتا ہے پریشان حال غبار آلود اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتا ہے یارب یارب یا الٰہا لیکن حال اس کا یہ ہے کہ کھانا اس کا حرام پینا اس کا حرام لباس اس کا حرام ہے

اور حرام غذا سے پرورش پاتا ہے تو اس کی دعا کس طرح قبول ہو سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ اے ایمان والو کھاؤ پاک صاف جو ہم نے تم کو دیا ہے۔

اس آیت اور اوپر کی حدیث میں حرام کھانا اور حرام پینا اور حرام لباس کے استعمال کرنے سے دعا کا قبول نہ ہونا فرمایا گیا ہے۔ ہر شخص کو اس سے پرہیز لازم ہے خصوصاً عامل پر تو بہت ضروری ہے ورنہ عمل کا اثر نہ ہوگا۔

اب بندہ پہلے اللہ تعالیٰ کے اسموں کی خاصیت اور طریقہ عمل و نقش وغیرہ تحریر کرتا ہے اور بعض بزرگوں نے اسماءِ الٰہی کے نقش دوسرے طریقہ سے تحریر کیے ہیں ان کے بعد چند مجرب تعویذ و آیات درج کرے گا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۔ (پارہ ٢٨)

اسم | معنے | عدد | خاصیت | ١٦ اعداد

**یَا اَللّٰهُ**

اے معبود خدائے بزرگ

٦٦ — اسم ذات

٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٦ | ١٩ | ٢٢ | ٩ |
| ٢١ | ١٠ | ١٥ | ٢٠ |
| ١١ | ٢٤ | ١٧ | ١٤ |
| ١٨ | ١٣ | ١٢ | ٢٣ |

جو کوئی ہر روز ہزار بار پڑھے صاحب یقین ہو اور جو کوئی ہر نماز کے بعد سو بار وظیفہ کرے صاحب باطن ہو اور صاحب کشف ہو جو کوئی تین ہزار سوا سو بار اللہ کے نام کو لکھکر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے جو مشکل ہو سہل ہو اور جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظروں میں عزت ہو اور جو حاجت ہو بر آوے۔ ہر کام کے لئے مفید ہے۔

۲

**یَا رَحْمٰنُ**
اے بہت بخشنے والے
جمالی ۲۹۸

## خاصیت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | م | ح | ر |
| ۷ | ۲۰۱ | ۴۹ | ۴۱ |
| ۲۰۲ | ۱۰ | ۳۸ | ۴۸ |
| ۳۹ | ۴۷ | ۲۰۳ | ۹ |

جو کوئی اس اسم کو ہر روز صبح کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے بار پڑھے خدا تعالیٰ اس پر بہت رحم و کرم فرمائیں اور الرحمٰن الرحیم کو پڑھے غفلت اور نسیان دور ہو اور نور باطن سے دل روشنی حاصل کرے اور اس نقش کو جو کوئی جمعہ کے دن عصر کے وقت چاندی پر کندہ کرا کے پہنے جملہ آفات سے بچا رہے اور سب مرادیں حاصل ہوں۔

۳

**یَا رَحِیْمُ**
اے مہربان
جمالی ۲۵۸

## خاصیت

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | ی | ح | ر |
| ۷ | ۲۰۱ | ۳۹ | ۱۱ |
| ۲۰۲ | ۱۰ | ۸ | ۳۸ |
| ۹ | ۴۷ | ۲۰۳ | ۹ |

جو کوئی اس اسم کو ہر روز پانچ سو بار پڑھے اس کو دولت ملے اور تمام مخلوق مہربان ہو اور اگر یارحمٰن الدنیا و رحیمہا اکتالیس روز تک پڑھے حاجت پوری ہو اور اس کی کوئی ضرورت نہ رکے۔ اگر بچہ زیادہ روتا ہو چاندی کی تختی پر یہ نقش عصر کے وقت کندہ کرا کے گلے میں ڈالے کم روئے گا انشاءاللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۴

**یَا مَالِکُ**
اے بادشاہ
جمالی ۹۰

## خاصیت ۹۰ عدد

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| م | ۱۳ | ۳۷ |
| ۲۷ | ل | ۳۳ |
| ۲۳ | ۴۷ | ک |

جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے اس کا نفس اس کا مطیع رہے اور عزت و حرمت حاصل ہو

اور صاحبِ ملک پڑھے تو اس کا ملک قائم رہے اور عزت میں ترقی ہو۔ لوگوں میں ہر دلعزیز ہو اور جو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو دنیا میں بڑا نام حاصل ہو۔ اور اگر اس کو باندھ کر بادشاہوں کے پاس جائے تو وہ عزت سے پیش آئیں اور جو کام ان سے کہے وہ اس کو انجام دیں اور تسخیر کے لئے بھی مجرب ہے۔

۵ **خاصیت** ۱۶۰ عدد ۷۸۶

**یَا قُدُّوْسُ**
اے بہت پاک ذات
جمالی ۱۶۰

| ف | د | و | س |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۵۹ | ۱۰۱ | ۳ |
| ۶۲ | ۸ | ۲ | ۹۸ |
| ۱ | ۹۹ | ۶۱ | ۹ |

جو کوئی ہزار بار پڑھے سب سے بے پرواہ ہو اور جو زوال کے بعد ایک سو ستر بار پڑھا کرے دل اس کا منور ہو۔ اس اسم کو سفید کاغذ پر مشک زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے مخلوق کے دلوں میں اس کی ہیبت ہو اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پئے ذہن تیز ہو اور جو بہت پڑھے اس کا دل صاف منور ہو اور اس نقش کو اپنے پاس رکھے باطن صاف ہو اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے۔

۶ **خاصیت** ۱۳۱ عدد ۷۸۶

**یَا سَلَامُ**
اے سلامتی رکھنے والے
جمالی ۱۳۱

| س | ل | ا | م |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۳۷ | ۵۹ | ۳۱ |
| ۳۹ | ۳ | ۳۲ | ۵۸ |
| ۲۹ | ۶۱ | ۳۹ | ۲ |

جو کوئی ہزار بار اس اسم کو نماز فجر کے بعد پڑھا کرے علم زیادہ ہو اور ایک سو اکتالیس بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو صحت پاوے اور پڑھنے والا بے خوف ہو اور اس نقش کو اپنے پاس رکھے روزی غیب سے پاوے اور جانوروں کی اذیت سے محفوظ رہے۔ اور

آسمان وزمین کی آفات سے بچا رہے۔

۷

یَا مُؤمِنُ
اے امن دینے والے
جمالی ۱۳۶

جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھتیس بار پڑھا کرے ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے اور جو کوئی کندہ کرا کے پہنے

۷۸۶ ۱۶۷ عدد

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | م | و | الم |
| ۵ | ۷۲ | ۴۹ | ۴۱ |
| ۷۳ | ۸ | ۳۸ | ۴۸ |
| ۳۹ | ۴۷ | ۷۴ | ۷ |

شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے جو حاجت ہو بر آوے اور خلق میں عزت وآبرو حاصل ہووے اور جو کوئی اس مربع کو اپنے پاس رکھے خلق میں آبرو پاوے۔

۸

یَا مُہَیمِنُ
اے نگہبانی کرنے والے
جمالی ۱۴۵

جو کوئی اس اسم شریف کو نگینہ پر شرف قمر میں کندہ کرا کے اور انگوٹھی پر رکھ کر پہنے اور پہنتے وقت اس اسم کو ایک سو اکہتر بار پڑھے

۷۸۶ ۱۴۵ عدد

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | م | ی | مہ |
| ۹ | ۴۶ | ۴۹ | ۴۱ |
| ۴۷ | ۱۲ | ۳۸ | ۴۸ |
| ۳۹ | ۴۷ | ۴۸ | ۱۱ |

حاکم جابر مہربان ہو جائے جو کوئی اس اسم کو غسل کر کے پندرہ سو بار پڑھے اسرار غیبی پر مطلع ہو جو کوئی شرف قمر میں چاندی پر کندہ کرا کے پہنے شر شیطان الرجیم و دیو انسان سے محفوظ رہے جو کوئی شرف قمر یا زحل میں اس نقش کو اپنے پاس رکھے حاکم وقت کے ظلم سے بچا رہے۔

۹

یَا عَزِیزُ
اے غالب
جمالی ۹۴

جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے خلق اس کی عزت کرے۔ جو کوئی بعد نماز فجر کے اکتالیس بار

۷۸۶ ۱۲۵ عدد

| | | | |
|---|---|---|---|
| یز | ز | ع | ال |
| ۶۹ | ۳۲ | ۱۶ | ۸ |
| ۳۳ | ۷۳ | ۵ | ۱۵ |
| ۶ | ۱۱۴ | ۳۴ | ۷۱ |

بارہ ہر روز بلا ناغہ چالیس روز تک پڑھے عزیز خلائق ہووے۔ جو کوئی مشک و زعفران سے بعد نماز جمعہ کے لکھے اور لوبان وغیرہ سے دھونی دے کر اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہووے اور اگر اس نقش کو اپنے پاس رکھے لوگ اس کی عزت کریں۔

۱۰

**یَاجَبَّارُ**

اے نقصان کو پورا کرنے والے

جلالی — ۳۰۶

۷۸۶ — ۲۳ عدد

| ر | جبا | ل | ا |
|---|---|---|---|
| ۲۹ | ۲ | ۱۹۹ | ۷ |
| ۳ | ۳۲ | ۴ | ۱۹۸ |
| ۵ | ۱۹۷ | ۴ | ۳۱ |

اگر کوئی بادشاہ اس کو پڑھا کرے دوسرا بادشاہ اس پر غالب نہ ہو جو کوئی اس اسم کو نگینہ پر کندہ کرا کے پہنے عزت اس کی خلق کے دلوں میں بہت ہو اگر حاکم سے ڈرتا ہو اس کی عداوت کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے جو حاجت ہو بر آوے جو کوئی اس نقش کو جس وقت چاہے باطہارت لکھے اور ٹوپی میں رکھ لے خلق کے دلوں میں ہیبت ہو اور حاکم وقت نرم دل ہو جائے۔

۱۱

**یَامُتَکَبِّرُ**

اے بڑائی والے

جلالی — ۶۶۲

۷۸۶ — ۲۴ عدد

| بر | ک | ت | م |
|---|---|---|---|
| ۳۹۹ | ۴۱ | ۲۰۱ | ۲۱ |
| ۴۲ | ۴۰۲ | ۱۸ | ۲۰۰ |
| ۱۹ | ۱۹۹ | ۴۳ | ۴۰۱ |

جو کوئی دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کی عداوت کرے دشمن کی زبان بد گوئی سے بند ہوگی۔ جو کوئی اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اس کی عزت دنیا میں زیادہ کرے گا۔ جو کوئی اس اسم کو سونے کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے مخلوق میں عزت ہووے۔ جو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے حاجتیں بر آویں متکبرین اسکے آگے سرنگوں رہیں اور جو اسکو لکھ کر گلے میں ڈالے حاکم مہربان ہو

۱۲

**یَا خَالِقُ**

اے پیدا کرنے والے

جمالی ۷۳۱

۷۳۱ عدد

جو کوئی اس اسم کو ہزار بار پڑھا کرے فرزند نرینہ پیدا ہو۔ جو کوئی اس اسم کو چاندی پر کندہ کرا کر پہنے مگر طالع برج حمل ہو اور اپنی عورت سے جمع کرے عورت حاملہ ہو جاوے۔ اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے فرزند نرینہ پیدا ہووے اور جو حاجت ہو بر آوے اور بچے کے گلے میں ڈالنے سے بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے اور نشوونما جلد پاوے۔

۷۰۶

| ق | ل | ا | خ |
|---|---|---|---|
| | ۶۰۱ | ۹۹ | ۲۱ |
| ۶۰۲ | ۳ | ۲۸ | ۹۸ |
| ۲۹ | ۹۷ | ۶۰۳ | ۲ |

۱۳

**یَا بَارِئُ**

اے پیدا کرنے والے

جلالی ۲۱۳

۲۱۳ عدد

جو کوئی اس اسم کو دو سو چوالیس بار پڑھے جو مراد ہو بر آوے۔ جو کوئی اس اسم کو مداومت کریگا حق تعالیٰ ایک مونس اس کا پیدا کریگا اور کبھی تنہا نہ رہے گا

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۲ | ۶۲ | ۵۴ | ۴۵ |
| ۵۳ | ۴۶ | ۵۱ | ۶۳ |
| ۴۷ | ۵۶ | ۶۰ | ۵۰ |
| ۶۱ | ۴۹ | ۴۸ | ۵۵ |

جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہووے اور جو طبیب اس نقش کو اپنے پاس رکھے۔ مخلوق اس کی طرف رجوع کرے اور بیمار اس کے علاج سے شفا پاوے۔

۱۴

**یَا مُصَوِّرُ**

اے صورت بنانے والے

جلالی ۳۳۶

۳۳۶ عدد

جو کوئی اس کو پڑھے عورت بانجھ حاملہ ہو جاوے۔ جو کوئی عورت بانجھ اس نقش کو لکھکر

۷۸۶

| ر | صو | م | ال |
|---|---|---|---|
| ۳۹ | ۳۲ | ۱۹۹ | ۹۷ |
| ۳۳ | ۴۲ | ۹۴ | ۱۹۸ |
| ۹۵ | ۱۹۰ | ۳۴ | ۴۱ |

اپنی کمر میں باندھ کر خاوند سے ہم بستری کرتی رہے حق تعالےٰ اس کو نرینہ و نیک اولاد عطا فرمائیگا اور جو بہت پڑھے مشکل کام آسان ہو جائیں۔ جو کوئی وضو کرنے کے بعد اپنی شہادت کی انگلی سے اپنی پیشانی پر لکھے جس سے ملاقات کرے اسکا دوست ہو جائے۔

۱۵

**یَاغَفَّارُ**

اے بخشنے والے

جمالی — ۱۲۸۱

۳۱۲ عدد

جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے گناہ اس کے بخشے جاویں گے اور اگر بعد نماز جمعہ کے ہزار بار یوں کہے یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ

۷۸۶

| ال | غ | فا | ر |
|---|---|---|---|
| ۸۲ | ۱۹۹ | ۳۲ | ۹۹۹ |
| ۱۹۶ | ۷۹ | ۱۰۰۲ | ۳۳ |
| ۱۰۶ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۸۰ |

حق تعالیٰ بہشت میں داخل کرے گا اور گناہ اس کے معاف ہوں گے اور جو کوئی سحر کے وقت اس نقش کو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے اللہ تعالیٰ دشمن سے بچاوے گا جو کوئی اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھکر بازو سے باندھے گا حاکم کے غصے سے بچا رہیگا۔

۱۶

**یَاقَهَّارُ**

اے سب پر غالب

جمالی — ۳۰۶

حضرت مولانا یعقوب چرخی رح ۱۷۳ عدد

فرماتے ہیں جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اس اسم کو بعد نماز فریضہ کے تین سے چھ بار پڑھا کرے خدا تعالیٰ امن و امان میں رکھے گا

۷۸۶

| ال | ق | ھا | ر |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۱۹۹ | ۳۲ | ۹۹ |
| ۱۹۸ | ۴ | ۱۰۲ | ۳۳ |
| ۱۰۱ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۵ |

اور دشمن پر غالب رہیگا۔ حاکم مہربان ہوگا۔ خوف دل سے جاتا رہے گا۔ جو کوئی اس نقش کو شرف مریخ میں لکھے اور اپنے گلے میں ڈالے کوئی دشمن اس پر غالب نہ ہو۔ جو کوئی

اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر یکشنبہ کے دن کندہ کرا کے پہنے مخلوق میں عزت پاوے۔

۱۷

جب کوئی حاجت ہووے عدد ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ل | و | هاب |
| ۷ | ۷ | ۲ | ۲۹ |
| ۶ | ۴ | ۳۲ | ۳ |
| ۳۱ | ۴ | ۵ | ۵ |

صدق دل سے اس اسم کو پڑھے حاجت بر آوے اگر کوئی محتاج ہو آدھی رات کے وقت اٹھے اور وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے

**یَا وَهَّابُ**

اے بہت دینے والے

۱۴ — جلالی

بعد اس کے سجدہ میں جا کر سات بار اس اسم کو پڑھے غنی ہو جائے۔ حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ نے اپنی شرح اسماء حسنیٰ میں لکھا ہے۔ جب کوئی مشکل پیش آوے کسی میدان میں جا کر مثل دعا کے ہاتھ اٹھا کر سو بار یَا وَهَّابُ کہے مشکل آسان ہوگی۔

۱۸

۳۲۹ عدد — ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ال | ر | زا | ق |
| ۹ | ۹۹ | ۳۲ | ۱۹۹ |
| ۹۸ | ۶ | ۲۰۲ | ۳۳ |
| ۲۰۱ | ۳۴ | ۹۷ | ۷ |

جو کوئی صبح کی نماز سے پہلے چاروں کونوں میں اپنے مکان کے کھڑے ہو کر ہر ایک کونے میں دس دس بار پڑھے

**یَا رَزَّاقُ**

اے روزی دینے والے

۳۰۸ — جلالی

تو غنی ہو جاوے۔ جو کوئی اس کو بعد ہر نماز کے پڑھا کرے روزی غیب سے پاوے جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی محتاج نہ ہووے۔ اپنی تجارت کی جگہ میں رکھے تجارت میں برکت ہو اور باغات یا کھیتی میں ٹانگے تو غلہ اور پھل بہت پیدا ہوں۔

۱۹

## یَا فَتَّاحُ

اے کھولنے والے رحمت کے دروازوں کے

جلالی — ۳۰۸

۵۲ عدد

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد سینہ پر ہاتھ رکھ کر ستر بار یا فتاح پڑھے دل سے ظلمت دور ہو اور باطن اس کا منور ہو سینہ کشادہ ہووے اور روزی غیب سے پاوے اور اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر لکھ کر زبان سے چاٹے ذہین ہو جاوے اور جو اس کو اپنے پاس رکھے گا کشائش ظاہری و باطنی ہوگی۔

۷۸۶

| ق | زا | ر | ال |
|---|---|---|---|
| ۱۹۹ | ۳۲ | ۹۹ | ۵ |
| ۳۰۳ | ۳۰۲ | ۶ | ۹۸ |
| ۷ | ۹۷ | ۳۴ | ۳۰۱ |

۲۰

## یَا عَلِیْمُ

اے جاننے والے ہر چیز کے

جمالی — ۱۵۰

۱۸۱ عدد

صاحب شمس المعارف نے لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے اس پر مخفیات مانند علم صناعت الٰہی جیسے اکسیر وغیرہ کے معلوم ہو اور جو کچھ خدا تعالیٰ سے مانگے جلد ملے اور مولانا یعقوب چرخی نے اپنی شرح اسماء حسنیٰ میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم کو دل میں پڑھے صاحب معرفت ہووے اور اگر بعد نماز فریضہ کے ڈیڑھ سو بار پڑھا کرے صاحب یقین ہووے۔ جو کوئی اس نقش کو چاندی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے گا خدا تعالیٰ علم عنایت فرمائے گا۔

۷۸۶

| م | ی | عل | ال |
|---|---|---|---|
| ۹۹ | ۳۲ | ۳۹ | ۱۱ |
| ۳۳ | ۱۰۲ | ۸ | ۳۸ |
| ۹ | ۳۷ | ۳۴ | ۱۰۱ |

۲۱

## یَاقَابِضُ

اے تنگ کرنے والے روزی کے


جلالی — ۹۰۳

۹۲۴ عدد

جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کے وقت پڑھا کرے دشمن اس کا مقہور ہو جو کوئی اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے امراض سوداویہ سے محفوظ رہے. جو کوئی قریب المرگ ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے اس کی روح بہت آسانی سے قبض ہو. اور جس عورت کے حیض آتا ہو اس کی کمر میں باندھے حیض بند ہوگا. نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

| ال | ق | اب | ض |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۷۹۹ | ۳۲ | ۹۹ |
| ۷۹۸ | ۱ | ۱۰۳ | ۳۳ |
| ۱۰۱ | ۳۴ | ۷۹۷ | ۲ |



۲۲

## یَابَاسِطُ

اے کشادہ کرنے والے روزی کے

جلالی — ۷۲

۱۰۳ عدد

المنظم میں لکھا ہے جو کوئی اس اسم کو ہر روز پڑھا کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے غم اس کو نہ ہو اور روزی غیب سے پاوے اور کسی کا محتاج نہ ہووے اور جو ہتھ بار ہر روز اس کو پڑھا کرے حق تعالیٰ سب آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔ جو کوئی اس اسم کو پچھلی رات ہاتھ اٹھا کر دس بار کہے ہمیشہ خوش دل رہے اور کوئی غم والم نہ ہو۔ ایسی جگہ سے نفع ہو جس کی امید نہ ہو۔ اور کندہ کرا کے

۷۸۶

| ال | با | س | ط |
|---|---|---|---|
| ۶۱ | ۸ | ۳۲ | ۳ |
| ۷ | ۵۸ | ۵ | ۳۳ |
| ۲ | ۳۴ | ۶ | ۵۹ |

اپنے پاس رکھے غم دور ہو۔ اور روزی میں فراخی ہو اور امراض سوداویہ میں اس کو سات روز تک پلیٹ میں لکھکر چاٹے۔

۲۳

یَا خَافِضُ

اے پست کرنے والے

جمالی ۱۴۸۱

جو کوئی اس اسم کو بہت ۱۵۱۲ عدد پڑھے حاکم وقت اس سے رضامند رہے اور جو کوئی تین روز روزہ رکھے چوتھے روز ایک جگہ اس کو سات بار

۷۸۶

| ض | ف | خا | ال |
|---|---|---|---|
| ۷۰۰ | ۳۲ | ۷۹۹ | ۸۱ |
| ۲۳ | ۷۰۴ | ۸۸ | ۷۹۸ |
| ۷۹ | ۷۹۷ | ۳۴ | ۶۳ |

پڑھے دشمن پر غالب ہو۔ جب کوئی مشکل پیش آوے بعد ہر نماز کے ایک ہزار چار سو اکیاسی بار پڑھے مشکل آسان ہو۔ مولانا یعقوب چرخیؒ فرماتے ہیں جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہووے اس اسم کو ستر بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے دشمن اس کا سرنگوں رہے۔

۲۴

یَا رَافِعُ

اے بلند کرنے والے

جلالی ۳۵۱

حضرت مولانا یعقوب ۳۸۲ عدد چرخیؒ نے اسماء حسنیٰ میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم کو آدھی رات گئے یا دن کو دوپہر کے وقت سو بار مثل دعا کے ہاتھ اٹھا کر پڑھے حق تعالیٰ

۷۸۶

| ع | ف | را | ال |
|---|---|---|---|
| ۲۰۰ | ۳۲ | ۶۹ | ۸۱ |
| ۳۳ | ۲۰۳ | ۷۸ | ۶۸ |
| ۷۹ | ۷۷ | ۳۴ | ۲۰۲ |

اسکو خلائق میں برگزیدہ کرے اور جو کوئی تین سو اکیاون بار پڑھے عزیز خلائق ہووے جو کوئی اس اسم کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عزت و منصب ملے اور مالا مال ہو۔ حاکم وقت خوش

ہمچشموں میں وقار ہو۔

۲۵

**یَا مُعِزُّ**

اے عزت دینے والے

جلالی ۱۱۷

۱۴۸ اعداد

جو کوئی شب دوشنبہ کو یا جمعہ کی شب میں بعد نماز مغرب کے اس اسم کو ایک سو چالیس دن تک اکتالیس بار ہر روز بلا ناغہ پڑھا کرے دنیا و عقبیٰ میں عزت

۷۸۶

| ال | م | ع | ز |
|---|---|---|---|
| ۷۱ | ۶ | ۳۲ | ۳۹ |
| ۵ | ۶۸ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۱۴ | ۳۴ | ۴ | ۶۹ |

پاوے اور جو کوئی اس اسم کو جمعہ کے دن چاندی پر کندہ کرادے اور گرد اس کے الملکؔ لکھ دے اور پڑھے ایک سو ستر بار جمیع آفات سے بچا رہے اور جو کوئی اس نقش متبرک کو اپنے پاس رکھے۔ مخلوق اس کی مطیع ہووے

۲۶

**یَا مُذِلُّ**

اے ذلت دینے والے

جلالی ۷۷۰

۸۰۱ عدد

حضرت مولانا یعقوب صاحب چرخیؒ اپنے شرح اسماء حسنیٰ میں تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا

۷۸۶

| ال | م | ذ | ل |
|---|---|---|---|
| ۷۰۱ | ۲۹ | ۳۲ | ۳۹ |
| ۲۸ | ۶۹۸ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۴۱ | ۳۴ | ۳۷ | ۶۹۹ |

ہو سجدے میں جاوے اور پچھتر بار اس اسم کو پڑھے جب دھائی پہ پہنچے تو کہے۔ اللّٰھم سخّنی من فلاں ابن فلانہ حق تعالیٰ اس کو شر سے امان میں رکھے گا جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ظالم کے ظلم سے بچا رہے اور حاکم کی خفگی و اذیت سے محفوظ رہے اور دشمن ذلیل ہو۔

۲۷ — ۲۱۱ عدد

## يَا سَمِيعُ
اے سننے والے

(جمالی) — (۱۸۰)

۴۸۶

| آل | س | می | ع |
|---|---|---|---|
| ۵۱ | ۶۹ | ۳۲ | ۵۹ |
| ۶۸ | ۴۸ | ۶۲ | ۳۲ |
| ۶۱ | ۳۴ | ۶۷ | ۴۹ |

جوکوئی اس اسم کو بہت پڑھے دعا قبول ہووے جو کوئی جمعرات کے دن بعد نماز چاشت کے پانچسو بار پڑھکے دعا مانگے دعا ضرور قبول ہوگی

جوکوئی بہرا ہووے اس اسم کو منگل کے دن لکھ کر روغن گل سے دھوکر کان میں ڈالے بہراپن جاتا رہے گا۔ جوکوئی اس مربع کو شرف قمر میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ مطلب دلی حاصل ہو اگر سونے کی تختی پر کندہ کراکے پہنے عجائب وغرائب دیکھے گا۔

۲۸ — ۳۳۳ عدد

## يَا بَصِيرُ
اے دیکھنے والے

(جمالی) — ([illegible])

۴۸۶

| ال | بص | ی | ر |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۱۹۹ | ۳۳ | ۹ |
| ۱۹۸ | ۸ | ۹۴ | ۳۴ |
| ۹۳ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۹ |

جوکوئی اس اسم کو درمیان سنت اور فجر کے پڑھے حق تعالیٰ نظر عنایت رکھے جب کسی کی آنکھیں درد کرتی ہوں یا ضعف بصر ہووے مشک زعفران سے چینی کی رکابی پر اس نقش کو گلاب سے دھوکر عنبر خام زنگار ملاکر بطور سرمے کے آنکھوں میں لگاوے درد دور ہوگا۔ جوکوئی اس کو اپنے پاس رکھے صاحب بصیرت ہو اگر بچے کے گلے میں ڈالے نظر بد سے بچے اور سرمہ لگاتے وقت اس کو پڑھ کر پھونک لیا کرے آنکھوں میں روشنی ہو۔

۲۹

## یَا حَکِیمُ

اے حکم کرنے والے

(جمالی) (۶۸)

جو کوئی شب جمعہ میں آدھی ۹۹ عدد

رات کو پڑھے گا حق تعالیٰ باطن اس کا صاف کردیگا جو کوئی اس اس نقش کو اپنے پاس رکھے دل اس کا نورانی ہووے اور

۶۸۶

| ال | ح | ک | م |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | ۳۹ | ۳۲ | ۷ |
| ۳۸ | ۱۸ | ۱۰ | ۳۳ |
| ۶ | ۳۴ | ۳۷ | ۱۹ |

نقش کو جمعہ کے روز انگوٹھی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے گا ذہن تیز ہوگا۔ حافظہ قوی ہوگا۔ بچے کو پلانے سے جلد بولنے لگے گا۔

۳۰

## یَا عَدْلُ

اے انصاف کرنے والے

(جلالی) (۱۰۴)

جو کوئی ہر نماز کے بعد پڑھے ۱۲۵ عدد

روزی غیب سے پاوے اور نیک عمل کی توفیق ہووے اور جو کوئی روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھے اور صدق

۶۸۶

| ال | ع | د | ل |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۲۹ | ۳۲ | ۶۹ |
| ۲۸ | ۲ | ۷۲ | ۳۳ |
| ۷۱ | ۳۲ | ۲۷ | ۳ |

دل سے کھاوے حق تعالیٰ تمام مخلوق کو اس کا مسخر کردیگا اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا گناہوں سے بچا رہے گا اور جو کوئی اسکو اپنے پاس رکھے گا ظالم کے ظلم سے بچا رہے اور حاکم کی نظروں میں عزت پاوے۔

## یَا لَطِیفُ

اے باریک بیں

(جمالی) (۱۲۹)

۱۶۰ عدد

صاحب دار النظیم نے لکھا ہے کہ یہ اسم سب اسماء سے ممتاز ہے اور قریب الفہم اور

۶۸۶

| ال | لط | ی | ف |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۷۹ | ۳۲ | ۳۸ |
| ۷۸ | ۸ | ۴۷ | ۳۳ |
| ۴۰ | ۴۴ | ۷۷ | ۹ |

سریع الاثر سے جمیع امراض و اسقام و آلام میں تاثیر رکھتا ہے اور دفع مصیبتوں اور رنج میں اثر کلی رکھتا ہے. چاہیئے اس اسم کو ایک سو تہتر ۱۷۳ بار ہر روز پڑھے جس کو اسباب معیشت مہیا نہ ہو اور فقر و فاقہ میں رہتا ہو اس کو پڑھا کرے حاجت بر آوے . اور اس نقش کو سونے کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے سب مشکلیں آسان ہوں ۔

۳۲

**یَاخَبِیْرُ**

اے خبردار

جلالی — ۸۱۲

جس شخص پر اس کا نفس ۸۴۳ عدد

۷۸۶

| ال | خ | بی | ر |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ۱۹۹ | ۳۲ | ۵۹۹ |
| ۱۹۸ | ۱۰ | ۶۳ | ۳۳ |
| ۶۰۱ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۱۱ |

امارہ غالب ہو اس کو پڑھا کرے اور جو کوئی رانگ پر پہلی ساعت میں جمعہ کے دن کندہ کرا کے اور منہ میں رکھے پیاس نہ لگے گی. جو کوئی چاہے کہ میں امورات مخفیہ پر مطلع ہوں تو وہ اس نقش کو شرف عطارد میں لکھ کر سرہانے رکھ کر سو رہے. خواب میں عجیب و غریب امر مشاہدہ کرے گا. اور چینی کی رکابی پر لکھ کر پیئے ذہن تیز ہو گا.

۳۳

**یَاحَلِیْمُ**

اے بردبار

جمالی — ۸۸

جو کوئی اس اسم کو روبرو ۱۱۹ عدد

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ال | ۲۸ | ۵۱ | ۹ |
| ۵۲ | ح | ۳۲ | ۲۷ |
| ۷ | ۴۹ | ل | ۳۳ |
| ۲۹ | ۳۴ | ۶ | یم |

بادشاہ کے پڑھے بادشاہ کے غصے سے محفوظ رہے گا جو کوئی اس اسم کو پڑھے حلیم الطبع ہو اور صبر و سکون اس کے قلب میں آجاوے جو کوئی درخت بوتے وقت اٹھائیس بار پڑھے درخت سرسبز ہو وے

اور خزاں سے محفوظ رہے اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے کھیت میں ڈالے گا گیہوں سر سبز ہوں گے اور جو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا تمام آفات سے بچا رہے گا۔

۳۴

**یَا عَظِیْمُ**

اے بزرگی بڑائی والے

جمالی ۱۰۲۰

جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ ۱۵۱ عدد پڑھا کرے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہووے اور حق تعالیٰ ہر بلا سے بچائے رکھیگا اور اگر اس نقش کو اپنے

۷۸۶

| ال | ع | ظ | یم |
|---|---|---|---|
| ۹۰۱ | ۲۹ | ۳۲ | ۶۹ |
| ۴۸ | ۸۹۸ | ۷۲ | ۳۳ |
| ۷۱ | ۳۴ | ۴۷ | ۸۹۹ |

پاس رکھے عزیز خلائق ہووے جو کوئی اس نقش کو کندہ کرا کے سونے یا چاندی کی تختی پر اور گرد اس کے الملک لکھ کر پہنے جمیع آفات سے بچا رہے گا۔ اور بچے کے گلے میں ڈالے نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۳۵

**یَا غَفُوْرُ**

اے بخشنے والے

جمالی ۱۲۸۶

جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ ۱۳۱۷ عدد پڑھا کرے اخلاق ذمیمہ اور امراض ردیہ ظاہر و باطن سے دور ہو اور جو کوئی اس کو پڑھے بیماری سے شفا پائے

۷۸۶

| ال | غ | فو | ر |
|---|---|---|---|
| ۸۷ | ۱۹۹ | ۳۲ | ۹۹۹ |
| ۱۹۸ | ۸۴ | ۱۰۰۳ | ۳۳ |
| ۱۰۰۱ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۸۵ |

جو کوئی بیمار ہو مقطعات یا غفور کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلق میں اس کی عزت ہو اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے بادشاہ کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔

۳۶ ۔

**یَاشَکُوْرُ**

اے قدردان

جمالی ۵۲۶

۷۸۶ ۵۲۶ عدد

| ش | ک | و | ر |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۱۹۹ | ۳۰۱ | ۱۹ |
| ۱۹۸ | ۴ | ۲۲ | ۳۰۲ |
| ۳۱ | ۳۰۳ | ۱۹۸ | ۵ |

جس شخص کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو وہ اس اسم کو اکتالیس بار ہر روز پڑھا کرے اور لعاب دہن اپنی آنکھوں میں لگاوے اور پانی پر دم کرکے پئے روشنی برقرار ہو جاوے گی علماء فرماتے ہیں کہ جو کوئی مفلس ہووے اس اسم کو اکیس بار پڑھے غنی ہو جاوے اور جو کوئی بہت پڑھے خلق میں باعزت رہے اور اس کو چاندی کی تختی پر کندہ کراکے گلے میں ڈالے روزی غیب سے پاوے۔

۳۷

**یَا عَلِیُّ**

اے بلند

جلالی ۱۱۰

۷۸۶ ۱۴۱ عدد

| ال | ع | ل | ی |
|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۹ | ۲۲ | ۶۹ |
| ۸ | ۲۸ | ۷۲ | ۳۳ |
| ۱۷ | ۳۴ | ۷ | ۲۹ |

جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے بلند مرتبہ ہووے اور اگر مسافر پڑھے وطن میں پہنچے اور جو کوئی صبح و شام پڑھا کرے سب بلاؤں سے بچا رہے جزرالامان میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم کو ایک سو دس بار پڑھے فقیر غنی ہو جاوے اور دنیا میں عزت پاوے یا علی پڑھے یا العلی۔ جو کوئی اس اسم کو اپنے پاس رکھے خلق کی نظروں میں ذی عزت رہے۔ اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے فلاح ہو۔

۳۸

## یَا کَبِیْرُ
اے بڑے

جمالی — ۲۳۲

۲۶۳ عدد

۴۸۶

| ال | ک | بی | ر |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ۱۹۹ | ۳۲ | ۱۹ |
| ۱۹۸ | ۱۰ | ۲۲ | ۳۳ |
| ۲۱ | ۳۴ | ۱۹۷ | ۱۱ |

جو کوئی اس اسم کو پڑھے خلائق کی نظروں میں ممتاز ہووے اور بلند رتبہ ہووے اگر بادشاہ یا وزیر یا کوئی اور امیر اس نقش کو چاندی پر کندہ کرا کے انگوٹھی میں پہنے اور گرد اس کے الملک لکھدے خلائق مسخر ہووے. جو کوئی اس مربع کو اپنے پاس رکھے خلق میں نام آور رہے گا۔

۳۹

## یَا حَفِیْظُ
اے نگہبان

جمالی — ۹۹۸

۱۰۲۹ عدد

۴۸۶

| ال | ح | فی | ظ |
|---|---|---|---|
| ۹۱ | ۸۹۹ | ۳۲ | ۷ |
| ۸۹۸ | ۸۸ | ۱۰ | ۳۳ |
| ۹ | ۳۴ | ۸۹۷ | ۸۹ |

جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے سفر میں جمیع آفات اور بلیات سے بچا رہے اور جو کوئی اس مربع کو چاندی کی تختی پر کھدوا کر گلے میں ڈالے یا اپنے مال میں رکھدے ہر بلا سے محفوظ رہے. اگر لڑکا اس مربع کو پہنے نظر بد و ام الصبیان سے خدا تعالیٰ اس کو بچا وے گا. اگر اس نقش کو اپنے پاس رکھے سب آفتوں سے بچا رہے۔

۴۰

## یَا مُقِیْتُ
اے قوت دینے والے

جلالی — ۵۵۰

۵۸۱ عدد

۴۸۶

| ال | م | قی | ت |
|---|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۹۹ | ۳۲ | ۳۹ |
| ۳۹۸ | ۱۰۸ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۴۱ | ۳۴ | ۳۹۷ | ۱۰۹ |

جس کا لڑکا بہت روتا ہو وہ اس اسم کو کسی مٹی کے کورے برتن میں دم کرے پھر اس میں پانی بھر کر لڑکے

کو پلاوے لڑکا خوش رہے اور خوش خلق ہووے جو کوئی اس اسم کو ہمراہ القائم کے بعد ہر نماز کے سات بار پڑھا کرے امراض سردرد ویہ کو مفید ہے اور ہر روز سات بار پانی پر دم کرکے پیا کرے روزی غیب سے پاوے کبھی بھوکا نہ رہے اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے بہت جلد غنی ہو جائے۔

۴۱

حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ ۱۱۱ اعداد

۷۸۶

| ال | ح | سی | ب |
|---|---|---|---|
| ۶۱ | ۱۱ | ۳۲ | ۷ |
| ۱۰ | ۵۸ | ۱۰ | ۳۳ |
| ۹ | ۳۴ | ۹ | ۵۹ |

نے فرمایا کہ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے یکشنبہ کے روز صبح وشام ایک سو پینتالیس بار حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ کہے

**یَا حَسِیْبُ**

اے کفایت کرنے والے

جمالی

۸۰

ایک ہفتہ تک یہ عمل کرے مشکل آسان ہوگی. جو کوئی اس اسم کو ستر بار پڑھے اعداء کے شر سے محفوظ رہے اور جو کوئی اس اسم کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہووے اور دشمنوں کے شر سے بچا رہے۔

۴۲

حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ ۱۰۴ عدد

۷۸۶

| ال | ج | لی | ل |
|---|---|---|---|
| ۴۱ | ۲۹ | ۳۲ | ۲ |
| ۲۸ | ۳۸ | ۵ | ۳۳ |
| ۴ | ۳۴ | ۲۷ | ۳۹ |

نے اپنی شرح اسماءِ حسنیٰ میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم کو مشک و زعفران وگلاب سے چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پیئے

**یَا جَلِیْلُ**

اے بڑی شان والے

جمالی

۷۳

گا خلق میں بڑا نامور ہوگا. جو کوئی اس اسم کو تہتر بار پڑھا کرے صاحب وقار ہووے

اور خلق اس کی عزت کرے اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے امراض سوداویہ سے بچا رہے اور جو حاجت ہو برآوے۔


۴۳

**یَاکَرِیْمُ**

اے کرم کرنے والے

جمالی ۲۷۰

جو کوئی اس اسم کو سوتے وقت بہت پڑھے خلق میں عزت پاوے اور رزق غیب سے ملے جو کوئی اس اسم کو عقیق پر کندہ کرا کے انگوٹھی میں جڑوا کر بائیں



ہاتھ کی چھنگلیاں میں پہنے روزی بہت ملے اگر بے روزگار ہو تو نوکر ہو جاوے۔ جو اس نقش کو انگوٹھی پر کندہ کرا کے اپنے ہاتھ میں رکھے کبھی مفلس نہ ہووے۔

۴۴

**یَارَقِیْبُ**

اے نگہبان

جمالی ۳۴

۳۴۳ عدد

جو کوئی اس اسم کو ہر روز سات بار پڑھا کرے اس کے مال میں برکت ہووے اور اولاد اس کی زندہ و سلامت

۴۸۹

| ال | ر | ق | یب |
|---|---|---|---|
| ۱۰۱ | ۱۱ | ۳۲ | ۱۹۹ |
| ۱۰ | ۹۸ | ۲۰۲ | ۳۳ |
| ۳۰۱ | ۳۴ | ۹۰ | ۹۹ |

رہے اور جو کوئی اس اسم کو چینی کی رکابی میں لکھ کر دھو کے کسی کو پلاوے وہ اس کی محبت میں دیوانہ ہو جائے اور جو کوئی اس نقش کو انگوٹھی پر کندہ کروا کے پہنے کند ذہن ذکی الطبع ہو جاوے۔ اور جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے ہر بلا سے محفوظ رہے۔

۴۵

## یَا مُجِیبُ

اے دعا کے قبول کرنے والے

جمالی ۵۵

جو کوئی اس اسم کو بہت ۸۶ عدد ۷۸۶ پڑھے مستجاب الدعوات ہووے جو کوئی اس نقش کو چاندی پر کندہ کراکے پہنے اور جو دعا مانگے قبول ہووے۔ جو کوئی اس مربع کو جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں لکھکر اور پچپن بار غروب آفتاب کے وقت پڑھکر اپنے پاس رکھے اور خدا تعالیٰ سے دُعا مانگے حاجت بر آوے۔

| ال | م | ج | یب |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۱ | ۳۲ | ۳۹ |
| ۱۰ | ۱ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۴۱ | ۳۴ | ۹ | ۲ |

۴۶

## یَا وَاسِعُ

اے فراخی والے

جلالی ۱۳۰

جو کوئی اس اسم کو پڑھتا ۱۶۸ عدد ۷۸۶ ہے ملائکہ نازل ہوتے ہیں جو کوئی پڑھا کرے روزی روز پاوے مفلس نہ ہووے اور جو کوئی اس اسم کے نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھکر اپنے پاس یا مال میں رکھے جملہ آفات سے بچا رہیگا۔ جو کوئی اس کو عروج ماہ میں لکھکر اور سورۂ فاتحہ اکیس یا تینتیس بار اس کو پڑھکر اپنے بازو پر باندھے رزق غیب سے پاوے۔

| ال | وا | س | ع |
|---|---|---|---|
| ۶۱ | ۶۹ | ۳۲ | ۶ |
| ۶۸ | ۵۸ | ۹ | ۳۳ |
| ۸ | ۳۴ | ۶۷ | ۵۹ |

۴۷

## یَا حَکِیمُ

اے حکمت والے

جمالی ۷۸

۷۸ عدد ۷۸۶ اس کو جو کوئی بہتر بار پڑھا کرے کوئی مشکل پیش نہ آوے اور سب حاجتیں

| ح | ک | ی | م |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۳۹ | ۹ | ۱۹ |
| ۲۸ | ۸ | ۳۲ | ۱۰ |
| ۲۱ | ۱۱ | ۳۷ | ۹ |

برآویں۔ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی بیمار نہ ہووے اور اگر بیمار ہو اچھا ہو جاوے۔ جو اس نقش کو اپنے پاس رکھے صاحب عزت ہووے۔

۴۸

## یَا وَدُوْدُ

اے دوست رکھنے والے

جمالی ۳۰

۵۱ عدد

جو کوئی چاہے کہ میاں بیوی میں موافقت ہو جاوے جھگڑا نہ ہوا کرے تو چاہیے کہ اسم شریف کو ہزار بار کسی

۷۸۶

| د | دو | و | ال |
|---|---|---|---|
| ۵۰ | ۳۲ | ۳ | ۱۱ |
| ۳۳ | ۸ | ۸ | ۲ |
| ۹ | ۱ | ۳۴ | ۷ |

کھانے والی چیز پر دم کرے اور دونوں کو کھلائے آپس میں محبت والفت ہووے گی۔ دار النظیم میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس اسم شریف کو ریشمی کپڑے پر شرف قمر کے متصل مشتری موتیتیس بار لکھکر اپنے پاس رکھے لوگ اس سے محبت کریں۔ جو کوئی اس اسم کو شیرینی پر دم کرے اور کھلاوے دشمن دوست ہو جائے۔

۴۹

## یَا مَجِیْدُ

اے بزرگ ذات

جمالی ۵۷

۸۸ عدد

جو کوئی چاہے کہ مرض برص و جذام سے شفا ہووے بیس روز تک روزہ رکھے اور افطار کے وقت ستاون

| د | جی | م | ال |
|---|---|---|---|
| ۴۱ | ۳۰ | ۱ | ۱۶ |
| ۲۹ | ۴۲ | ۱۵ | ۲ |
| ۱۴ | ۳ | ۳۲ | ۳۹ |

بار اس اسم کو پڑھے حق تعالیٰ اس کو مرض سے نجات دے اور صحیح وسالم کردے گا اور اگر اس کا نقش لکھکر اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہووے۔

۵۰

**یَا بَاعِثُ**

اے اٹھانے والے

جمالی ۵۷۳

۶۰۴ عدد

۷۸۶

| ث | ع | با | ال |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۳۲ | ۴۹۹ | ۷۱ |
| ۳۳ | ۵ | ۶۸ | ۴۹۸ |
| ۶۹ | ۴۹۷ | ۳۴ | ۴ |

جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھا کرے دل اس کا منور ہووے اور اس شخص سے نیکیاں سرزد ہوں گی۔ برائی سے بچا رہے گا اور اگر اس اسم کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا طرح طرح کے عجائب دیکھے گا۔ جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے سب حاجتیں بر آویں گی۔ تنگ دستی دور ہو اور دل روشن ہو صاحب اقبال ہو۔

۵۱

**یَا شَهِیدُ**

اے حاضر

جمالی ۳۱۹

۲۵۰ عدد

۷۸۶

| ید | ه | ش | ال |
|---|---|---|---|
| ۲۹۹ | ۳۲ | ۱۳ | ۶ |
| ۳۳ | ۳۰۲ | ۳ | ۱۲ |
| ۴ | ۱۱ | ۳۴ | ۳۰۱ |

حضرت مولانا یعقوب چرخی فرماتے ہیں کہ جس شخص کی اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر یا شہید اکیس بار پڑھے فرماں بردار ہو جائے۔ جو کوئی اس نقش کو پانی سے دھو کر بیمار کو پلا دے بخار دور ہو اور انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہنے خلق میں عزت پاوے۔ جو کوئی جمعہ کے دن پہلی ساعت میں کاغذ پر لکھ کر اپنے قلب کے پاس رکھے قلب اس کا نورانی ہو جائے۔

۵۲

یَا حَقُّ

اے ثابت

جلالی ۱۰۸

جب کوئی چیز گم ہو جاوے ۱۲۹ اعدد ۷۸۶

| ا | ل | ح | ق |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۹۹ | ۲ | ۲۹ |
| ۹۸ | ۶ | ۳۲ | ۳ |
| ۳۱ | ۴ | ۹۷ | ۷ |


پاک کاغذ چوکھونٹا کر کے ہر کونے پر اس اسم کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ کو رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو کر ایک سو ننانوے بار پڑھے چیز گم شدہ مل جائے گی اور جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے عزیز خلائق ہووے اور نقش اس اسم کا لکھ کر اپنے پاس رکھے سب حاجتیں بر آویں اور جو کوئی اس نقش کو کندہ کرا کے گلے میں ڈالے بیمار اچھا ہو جائے

۵۳

یَا وَکِیْلُ

اے ذمہ دار

جمالی ۵۶



جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے بار ہر روز پڑھا کرے ظالم کے ظلم سے بچا رہے اور کسی سے نہ ڈرے جو کوئی اس نقش کو کورے سکورے میں لکھے مگر طالع عقرب ہو وہ اپنے گھر میں رکھ دے تمام موذی جانور بھاگ جاویں گے اور اس مربع کو چاندی پر کندہ کرا دے اور اپنے داہنے ہاتھ میں پہنے مال میں برکت ہو گی جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے غنی ہو جائے۔

۵۴

## یَا قَوِیُّ

اے قوت والے

جمالی — ۱۱۶

۱۴۷ عدد

جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے صاحبِ قوت اور بہت جلد منصب جلیلہ پر پہنچے اور جو کوئی اس اسم کے نقش کو لکھے اور اپنے پاس رکھے اگر حاکم ہے تو قوت و غلبہ رعیت پر ہیبت حاصل ہو۔ اور اگر دشمن کے مقابلہ میں پڑھے تو فتح پاوے اور جو کوئی اس کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پیئے قولنج دور ہو

۶۸۶

| ال | ق | و | ی |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۱ | ۳۰ | ۱۰۱ |
| ۱۲ | ۸ | ۹۸ | ۲۹ |
| ۹۹ | ۲۸ | ۱۳ | ۷ |

۵۵

## یَا مَتِیْنُ

اے مضبوط

جمالی — ۵۰۰

۵۴۱

جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے سب حاجتیں بر آویں اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے تمام حاجتیں بر آویں اور جو کوئی اس کو چینی کی رکابی پر لکھ کر مریض کو پلائے شفا پائے اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ذی عزت ہووے

۶۸۶

| ال | مت | ی | ن |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۴۹ | ۳۲ | ۴۹ |
| ۴۸ | ۸ | ۴۲ | ۳۳ |
| ۴۴ | ۲۴ | ۴۷ | ۹ |

۵۶

## یَا وَلِیُّ

اے مددگار

جمالی — ۴۶

۴۷ عدد

جو کوئی اس کو بہت پڑھے رتبہ بلند ہووے اور جو کوئی نقش اس کا اپنے پاس رکھے خلق میں ذی مرتبہ

۶۸۶

| ال | و | ل | ی |
|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۹ | ۳۲ | ۵ |
| ۸ | ۲۸ | ۸ | ۳۳ |
| ۷ | ۳۴ | ۷ | ۲۹ |

ہووے. جو کوئی اس کو سونے چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے اگر بچہ ہے ام الصبیان سے بچا رہے اور اگر مرد یا عورت اپنے پاس رکھے تو خلق میں عزت پاوے۔

۵۷

## یَا حَمِیْدُ

اے تعریف کرنے والے

جمالی — ٦٢

٩٢ عدد

جو کوئی اس کو لکھ کر گھول کر پیئے اچھا ہو جاوے اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پیئے زبان سے صاف باتیں کرے

٧٨٦

| ال | ح | م | ید |
|---|---|---|---|
| ٤١ | ١٣ | ٣٢ | ٧ |
| ١٢ | ٣٨ | ١٠ | ٣٣ |
| ٩ | ٣٤ | ١١ | ٣٩ |

اگر نقش اس اسم کا چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہنے یا دکان میں رکھے برکت ہوگی اور مال کثرت سے بکے گا۔

۵۸

## یَا مُحْصِیُ

اے گھیرنے والے

جلالی — ١٤٨

١٤٩ عدد

جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے گناہ سے بچا رہے. جو کوئی اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے پہنے ذہن تیز ہو جائے جو کوئی اسکو اپنے پاس رکھے ذی عزت ہووے

٧٨٦

| ال | مح | ص | ی |
|---|---|---|---|
| ٩١ | ٩ | ٣٢ | ٤٧ |
| ٨ | ٨٨ | ٥٠ | ٣٣ |
| ٤٩ | ٣٤ | ٧ | ٨٩ |

۵۹

## یَا مُبْدِئُ

اے پیدا کرنے والے

جلالی — ٥٦

٨٧ عدد

جو کوئی اس اسم کو اپنے بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں گناہوں سے

٧٨٦

| ال | مب | د | ی |
|---|---|---|---|
| ٥ | ٩ | ٣٢ | ٤١ |
| ٨ | ٢ | ٤٤ | ٣٣ |
| ٤٣ | ٤٤ | ٧ | ٣ |

بچارہے۔ جس شخص کا مال چوری ہوگیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے مال مل جاوے۔ جوکوئی اس کو اپنے پاس رکھے گا حق تعالیٰ جمیع بلیات سے نجات دیگا۔

۶۰

## یَا مُعِیْدُ

دوبارہ پیدا کرنے والے

(جمالی) (۱۲۴)

۱۲۴ عدد

۷۸۶

| ید | ع | م | ال |
|---|---|---|---|
| ۶۹ | ۴۱ | ۳ | ۱۱ |
| ۴۲ | ۷۲ | ۸ | ۲ |
| ۹ | ۱ | ۴۳ | ۷۱ |

جب کسی کا غلام یا لڑکا بھاگ گیا ہو اس اسم کو پڑھے خودبخود آجاوے گا جوکوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے خلائق مطیع ہوجائے۔ جوکوئی اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی میں کندہ کراکے پہنے خلق میں صاحب عزت ہوجائے۔

۶۱

## یَا مُحْیِیْ

اے زندہ کرنے والے

(جلالی) (۵۸)

۸۹ عدد

۷۸۶

| ی | ح | م | ال |
|---|---|---|---|
| ۳۹ | ۳۲ | ۹ | ۹ |
| ۳۳ | ۴۲ | ۶ | ۸ |
| ۷ | ۷ | ۳۴ | ۴۱ |

